# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ۔ا (5613) سمسٹر: خزاں 2025

سطح: ایم اے (اردو)

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4 ۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF) یا Word فارمیٹ میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

۱۔ اقبال کے یورپی دورِ قیام نے ان کے فکری اور شعری رویے پر کیا اثرات مرتب کیے؟ تفصیل سے وضاحت کریں۔ 20

۲۔ اقبال کے تصورِ "خودی" اور "بے خودی" میں کیا فرق ہے؟ یہ تصورات ان کی شاعری میں کس طرح نمایاں ہوتے ہیں؟ 20

۳۔ اقبال کے نزدیک قوموں کے اجتماعی شعور یعنی "اقوام کی خودی" کا مفہوم کیا ہے؟ تشریح کریں۔ 20

۴۔ اقبال کے تصورِ فن اور اردو شاعری پر اس کے اثرات کا فنّی و فکری جائزہ لیں۔ 20

۵۔ اقبال کے کلام میں "عقل" اور "عشق" جیسے فکری ذرائع کا تجزیاتی مطالعہ پیش کریں۔ 20

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر: 100

۱۔ علامہ اقبال کی نعتیہ شاعری میں عشقِ رسالتؐ کا اظہار کن فکری اور فنی اسالیب سے ہوتا ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ 20

۲۔ اقبال کے تصورِ "مردِ مومن" کی وضاحت کریں اور اس کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالیں۔ 20

۳۔ مولانا روم اور نطشے کے افکار نے اقبال کی فکری تشکیل میں کیا کردار ادا کیا؟ تقابلی انداز میں وضاحت کریں۔ 20

۴۔ اقبال کے نزدیک مغربی تہذیب کے مثبت اور منفی پہلو کیا ہیں؟ تہذیب کا ان کی فکر میں کیا مقام ہے؟ 20

۵۔ مندرجہ ذیل اسلامی اصولِ قانون پر مختصر نوٹ لکھیں: 20

i. اجماع

ii. حدیث